قیامت کی گھڑی

سورج جب مغرب سے نکل آئے گا　　　توبہ کا در تب بند ہو جائے گا
ایک خاص ہوا چلائی جائے گی　　　مومن کو جو ابدی نیند سلائے گی

جب زمین و آسماں کو لپیٹ دیا جائے گا
بس تیرے ربّ کا وجود باقی رہ جائے گا

پہاڑ جس دن چلائے جائیں گے　　　اور ساری زمین ہلادی جائے گی
ماں کی اس دن فکر نہ ستائے گی　　　خوف سے حاملہ اپنا حمل گرائے گی

جب زمین و آسماں کو لپیٹ دیا جائے گا
بس تیرے ربّ کا وجود باقی رہ جائے گا

سمندر میں آگ جب بھڑکائی جائے گی　　　اور خوف سے دیدے پتھرا جائیں گے
قہرِ الٰہی سے جب سورج بے نور ہو جائے گا　　　اور چاند و سورج باہم ملا دیئے جائیں گے

جب زمین و آسماں کو لپیٹ دیا جائے گا
بس تیرے ربّ کا وجود باقی رہ جائے گا

محشر کے دن جب صور پھونکا جائے گا　　　جن و انس میدان میں جمع ہو جائیں گے
مسلم کے دفتر میزان میں تولے جائیں گے　　　جنتی جنت میں اور باقی دوزخ میں جائیں گے

جب زمین و آسماں کو لپیٹ دیا جائے گا
بس تیرے ربّ کا وجود باقی رہ جائے گا